PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "معاشرتی"

## "معاشرتی نقل مکانی"

**ہر 2 میں سے 1 پاکستانی خاتون کے مطابق ہراساں کرنے کے خوف کی وجہ سے اُن کے پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال میں کمی واقع ہوئی ہے، 34% خواتین کے مطابق اب وہ تنہا سفر نہیں کرتی ہیں اور 29% خواتین کے مطابق وہ سفر کرنے کے دوران حجاب / پردہ کرتی ہیں:**


**گیلپ & گیلانی پاکستان،**

اسلام آباد، 21 دسمبر، 2017

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 2 میں سے 1 پاکستانی خاتون کے مطابق ہراساں کرنے کے خوف کی وجہ سے اُن کے پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال میں کمی واقع ہوئی ہے، 34% خواتین کے مطابق اب وہ تنہا سفر نہیں کرتی ہیں اور 29% کے مطابق وہ سفر کرنے کے دوران حجاب / پردہ کرتی ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے خیال میں ہراساں کرنے والے واقعات نے پبلک ٹرانسپورٹ کو استعمال کرنے کے حوالے سے آپ کو کس طرح متاثر کرتے ہیں؟** "۔ اس سوال کے جواب میں 51% خواتین کے مطابق ہراساں کرنے کے واقعات سے اُن کے پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال میں کمی واقع ہوئی ہے ، 28% خواتین کے مطابق اُن کے نقل مکانی کے ذرائع / راستوں میں تبدیلی آئی ہے، 34% خواتین کے مطابق سفر کرنے کے دوران ہمیشہ کوئی نہ کوئی اُن کے ساتھ ہوتا ہے / وہ سفر کرنے کے دوران کسی کو ساتھ لے کر جاتی ہیں، 26% خواتین کے مطابق وہ شام / رات میں اکیلے سفر کرنے سے اجتناب کرتی ہیں، 29% خواتین کے مطابق وہ سفر کرنے کے دوران حجاب / پردہ کرنے کو ترجیح دیتی ہیں، 12% خواتین کے مطابق ہراساں کرنے کے واقعات کی وجہ سے اُنھوں نے اپنے تعلیمی ادارے / نوکری کو چھوڑ دیا / تبدیل کر لیا، 12% خواتین کے مطابق اُنھیں ہراساں کرنے کے واقعات نے کسی طرح بھی متاثر نہیں کیا، تاہم 4% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے خیال میں ہراساں کرنے والے واقعات نے پبلک ٹرانسپورٹ کو استعمال کرنے کے حوالے سے آپ کو کس طرح متاثر کرتے ہیں؟ (ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 857 خواتین سے 05 نومبر تا 11 نومبر 2017 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, December 21, 2017**

*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup & Gilani Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*


*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com


***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2017

celebrating 37 years
of Gallup Pakistan
(1980-2017)